نیکی کرنا چاہیں تو ہزار راستے اور ہزار طریقے ہیں'
نیکی کیجیے ' چلتے پھرتے ' ملتے جلتے ' اٹھتے بیٹھتے '
---کوئی آپ کے ساتھ نیکی کرے تو
اس کا شکریہ ادا کیجیے ' دل میں محسوس کیجیے
یہ بھی نیکی ہے!

اللہ کے رسولؐ نے فرمایا:
جو بندوں کا شکر نہیں کرتا ' اللہ کا شکر کیا کرے گا!

شکریہ ادا کرنا ' صرف رسم اور ایٹی کیٹ نہیں
زندگی کا ایک رویہ ہے
اللہ کا شکر---زبان سے ' دل سے ' عمل سے '
اللہ کے انعامات اور احسانات کا سوچیں---تو
کتنا ہی شکر کریں ' حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہیں ہوتا!

دن گزار کر سوچیے---کن کن لوگوں نے
آپ کے ساتھ ' نیکی کی بھلائی کی ' کوئی فائدہ پہنچایا '
سب کے لیے دل میں شکریے کے جذبات ہوں
اور پیدا کرنے والے رب کے لیے بھی!
اے اللہ ' تیرا شکر ہے---!!

(خیر خواہ)